بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خطبہ جمعہ موٴرخہ (15/01/2021)

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

- ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے آپ سے پوچھا کہ کیا آپ مجھ سے محبت کرتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہاں میں تجھ سے محبت کرتا ہوں۔ حضرت حسن نے تعجب کا اظہار فرمایا کہ ایک دل میں دو محبتیں کیسے اکٹھی ہو سکتی ہیں۔ کیا یہ ایک قسم کا شرک نہیں۔ حضرت علی نے فرمایا کہ میں بیشک تجھ سے محبت کرتا ہوں لیکن اگر تیری محبت اللہ کی محبت سے مقابلہ پر آجائے تو وقتِ مقابلہ پر میں اللہ کی محبت کو ترجیح دونگا۔

- حضرت علی رضی اللہ عنہ ان الفاظ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرتے تھے: یا کھیعص، اغفرلي یعنی اے خدا جو کافی ،ھادی، علیم اور صادق ہے، مجھے بخش دے۔

ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بچوں کو قرآن پڑھاتا تھا۔اس نے لفظ خاتم النبیین کو ت پر کسرہ سے پڑھایا لیکن حضرت علی نے اس کو ت پر فتحہ سے پڑھانے کیلئے کہا۔ لفظ خاتَم النبیین کا مطلب ہے نبیوں کی مہر اور خاتِم النبیین کا مطلب ہے نبیوں کو ختم کرنے والا۔

- ایک مزاح کا واقعہ ملتا ہے۔ ایک مرتبہ رسول اللہ اور دیگر صحابہ ایک دعوت پر موجود تھے۔ رسول اللہ صلعم اور دیگر صحابہ اپنی کھجوریں کھا کر اس کی گٹھلیاں حضرت علی کے پاس رکھتے جاتے تھے۔ آخر میں تمام گٹھلیاں حضرت علی کے ساتھ اکٹھی تھیں۔ صحابہ نے فرمایا کہ تم نے ساری کھجوریں کھالیں ہیں۔ حضرت علی نے بھی مزاح میں جواب دیا کہ آپ سب گٹھلیاں بھی کھا گئے ہیں لیکن میں نے گٹھلیاں ایک طرف رکھیں ہیں۔

- قرآنِ کریم میں مسلمانوں کو ایک حکم دیا گیا ہے کہ جب تم رسول اللہ صلعم سے مشورہ لو تو صدقہ دے دیا کرو۔ اس کے بعد حضرت علی رسول اللہ صلعم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایسا ہی کیا۔ بعد میں کسی شخص نے پوچھا کہ آپ نے کس بات کے متعلق مشورہ فرمایا۔ حضرت علی نے جواب دیا کہ کوئی خاص بات نہ تھی لیکن میں نے چاہا کہ قرآنِ کریم کے اس حکم پر بھی عمل ہو جائے۔

- حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق ایک واقعہ ملتا ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلعم نے صحابہ رضوان اللہ اجمعین سے چندہ مانگا۔ چونکہ حضرت علی کے پاس اور کچھ نہیں تھا اس لئے انھوں نے کچھ گھاس کاٹا اور اس کو بیچ کر جو رقم ملی وہ آپ نے چندہ میں ادا کر دی۔

- ایک مرتبہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جس شخص نے علی سے محبت کی، اس نے مجھ سے محبت کی۔ اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی۔ جس شخص نے علی سے بغض رکھا، اس نے مجھ سے بغض رکھا۔ اور جس نے مجھ سے بغض رکھا، اس نے اللہ سے بغض رکھا۔

- حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ایک نئے ٹی وی چینل ایم ٹی اے گھانا کے آغاز کا اعلان فرمایا جو ۲۴ گھنٹہ نشر کیا جائیگا۔

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان اور الجیریا کے اسیر ان احمدیوں کیلئے دعا کی تحریک فرمائی ۔